خاتونِ روزری اور مقدس دومنیک:

مقدسہ مریم کنواری کو خاتونِ روزری کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔
روزری کی عبادت کلام مقدس کے بھیدوں کی مکمل تصویر کشی کرتی ہے۔ اِس کے بھید کلام مقدس کی سچائیوں اور گہرائیوں کو منکشف کرتے ہیں۔ روزری کی تاریخ کے بارے میں مختلف آراء ہیں۔ 431 میں ایفیسس کی پہلی کونسل کے بعد کے دور میں قرون وسطی کے دوران روزری کی عبادت کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔

روزری کی دُعا کو مقدس دومنیک سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جو 1170 میں اسپین کے مقام کالیروگا میں پیدا ہوئے۔ مقدس دومنیک نے بھرپور انداز میں صحیح مسیحی تعلیم کی منادی کی۔ بعض دفعہ بے پناہ جدوجہد کے بعد آپ کو یوں لگتا کہ آپ کو کوئی خاطر خواہ کامیابی نہیں ہورہی ہے، ایسے میں آپ نے مقدسہ مریم سے دُعا کرنا شروع کردی۔ ایک دفعہ رویا میں آپ کو مقدسہ مریم ملیں اور انھوں نے آپ کو گلاب کے پھولوں کی ایک مالا دکھائی اور کہا کہ اِس روزری کو روزانہ پڑھو اور اِسے دوسروں کو بی سکھاؤ۔ اِس طرح سچا ایمان فتح پائے گا۔ اِسی وجہ سے بے شک روزری اُن سے پہلے بھی موجود تھی اور پڑھی جاتی تھی، لیکن آپ نے اِس کو عام کیا اور اِسے لیے یہ آپ سے منسوب کی جاتی ہے۔